هٰذا کتابنا ینطق علیکم بالحق

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس

شیخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب

المسمّٰی بہ

کلیدِ مناظرہ معہ اضافہ

مصنفہ

سیّد برکت علی شاہ (گوشہ نشین)

پبلشر

مینیجر کتب خانہ حسینیہ حلقہ ۵۲ موچی گیٹ لاہور

محلہ شیعاں

جملہ حقوق محفوظ ہیں

۷۸۶

اِنّا مِنَ المُجرِمِینَ مُنتَقِمُون

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس

شیخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب

المسمیٰ بہ

کلیدِ مناظرہ

معہ اضافہ

مؤلفہ

مولانا مولوی سید برکت علی شاہ صاحب (گوشہ نشین) وزیرآبادی پنجاب

مصححہ

مولانا مولوی ابوالصفا حاجی مرزا احمد علی صاحب رئیس المناظرین

الامرتسری الکربلائی

حسب فرمائش

منیجر کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ محلہ شیعاں لاہور

۱۹۵۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد رسول اللہ اور حضرت علی ہاشمی ہیں

خاندان قریش میں سے حضرت رسول اللہ صلعم کے باپ حضرت عبداللہؒ اور ماں حضرت آمنہ بنت وہب ہیں۔ حضرت علیؓ کے باپ حضرت ابوطالبؑ اور ماں حضرت فاطمہ بنت اسد ہیں۔ حضرت عبداللہ اور حضرت ابوطالب آپس میں حقیقی بھائی تھے انکے باپ حضرت عبدالمطلب بن ہاشم ہیں۔ حضرت رسول اللہ دو ماہ کے تھے۔ کہ آپ کے والد حضرت عبداللہ فوت ہو گئے۔ اور رسول اللہ حضرت ابوطالب کے سپرد ہوئے۔ جب رسول اکرمؐ چھ برس کے ہوئے۔ تو آپ کی والدہ بزرگوار حضرت آمنہ بھی انتقال فرما گئیں۔ اور حضرت فاطمہ بنت اسد نے رسول کریم کو اپنے زیر سایہ لیا۔ رسول صلعم کی تیتالیس سال کی عمر میں حضرت علی پیدا ہوئے اور رسول اللہ حضرت علی کی تعلیم و تربیت فرماتے رہے۔ چالیس سال کی عمر میں رسول خدا نے نبوت کا اظہار فرمایا۔ اور حضرت علی نے تیرہ سال کی عمر میں سب سے پہلے لوگوں کے سامنے رسالتمآب کی نبوت کی تصدیق کی۔ اس لئے حضرت علی کو صدیق کہا جاتا ہے۔ حضرت ابوطالب کو عبدمناف اور عمران بھی کہا جاتا ہے آپ بہت فیاض اور سخی تھے۔ اور اوصیائے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے تھے آپکے دل میں رسول اللہ کی اس درجہ الفت اور ہمدردی تھی۔ کہ آپ حضرتؐ کا مقام خواب ہر رات بخوف اعدا بدلتے رہتے۔ اور چونکہ آنحضرت نے ثوبیہ لونڈی کا دودھ بھی چند روز پیا تھا جس کا دودھ حضرت حمزہ نے بھی پیا تھا اس لئے حضرت حمزہ آنحضرت کے رضاعی بھائی بھی تھے اور چچا بھی۔